حیات الحیوان (اردو)

تالیف

علامہ محمد بن موسیٰ بن عیسیٰ کمال الدین الدمیری

رحمۃ اللہ علیہ

جلد دوم

نظر ثانی

مولانا سید خلیق ساجد بخاری

مترجم

مولانا عبد الرشید صاحب

فاضل خیر المدارس، ملتان

www.ahlehaq.org

مکتبۃ الحسن

33 - حق سٹریٹ اردو بازار لاہور

علامہ کمال الدین الدمیری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی 808ھ) کی شہرہ آفاق کتاب

(مترجم)

حیات الحیوان

جلد دوم

مترجم: ______ مولانا عبدالرشید شجاع آبادی
(فاضل خیر المدارس ملتان)

نظر ثانی: ______ مولانا سید خلیق ساجد بخاری

ناشر

مکتبۃ الحسن

33 حق سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

فون: 042-7241355

www.ahlehaq.org

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب: حیات الحیوان (مترجم) جلد دوم
مؤلف: علامہ محمد بن موسیٰ بن عیسیٰ کمال الدین الدمیری رحمۃ اللہ علیہ
مترجم: مولانا عبدالرشید شجاع آبادی (فاضل خیر المدارس ملتان)
نظر ثانی: مولانا سید خلیق ساجد بخاری (فاضل وفاق المدارس)
تعداد: 1100
سن اشاعت: دسمبر 2006ء
ناشر: مکتبۃ الحسن
بااہتمام: عبدالقدیر
مطبع: مکی مدنی پرنٹرز، لاہور

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام تر کوشش کے باوجود اس بات کا امکان ہے کہ کہیں کوئی غلطی یا کوئی خامی رہ گئی ہو تو ہمیں آگاہ کریں تاکہ آئندہ اس غلطی کو دور کیا جائے۔
(ادارہ)

مکتبۃ الحسن
33 حق سٹریٹ، اردو بازار، لاہور
فون: 042-7241355

www.ahlehaq.org

امام مسلم نے دجال کی حدیث روایت کی ہے جس میں "نغف" کا بھی تذکرہ ہے:۔

" کہ اللہ تعالیٰ (قیامت کے قریب) یاجوج ماجوج کو ظاہر کردے گا۔ پھر (کچھ دنوں کے بعد) ان کی گردنوں میں لگنے والا "نغف" کیڑا بھیجے گا۔ پھر وہ سب کے سب ایسے مرجائیں گے جیسے کہ ایک جان (یعنی بیک وقت ختم ہوجائیں گے)۔"

دوسرا امام بیہقیؒ نے اللہ تعالیٰ کے ناموں اور صفات کے بیان میں جہاں "کف" ہتھیلی کا تذکرہ کیا ہے وہاں حدیث میں بھی نغف کا ذکر آیا ہے۔

"حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو اُن کو توشہ دان کی طرح جھاڑا تو اُن کے بدن سے (باریک باریک) کیڑے جیسی چیزیں نکلیں۔ خدائے عزوجل نے اُس میں سے دو مٹھی اُٹھایا اور دائی مٹھی کے اندر موجود چیز کے بارے میں فرمایا کہ یہ جنت میں جانے والے ہیں مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں اور بائیں مٹھی کے متعلق فرمایا کہ ان کا ٹھکانہ جہنم ہے مجھے اس کا کوئی غم نہیں ہے"۔

النُّفَارُ

(ایک قسم کا پرندہ) "نُفَارُ": ان چڑیوں کو کہتے ہیں جو دور ہی سے انسان کو دیکھ کر اڑ جاتی ہیں۔

النُّقَازُ

ایک چھوٹی سی چڑیا جس کو "پدی" بھی کہتے ہیں۔ چڑیوں کے چوزوں کو بھی کہتے ہیں۔

النَّقَاقَۃ

(ٹرٹر کرنے والا مینڈک) "نقیق: مینڈک کی ٹرٹر کو کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ اکثر ٹرٹر بولتا ہے۔ خصوصاً بارش کے دنوں میں کہتے ہیں کہ اس کی پیاس کبھی نہیں بجھتی اور اگر یہ پانی سے الگ ہوجائے تو زندہ نہیں رہے گا۔

النَقَدُ

"النقد" اس سے مراد چھوٹی بکری ہے۔ اس کے واحد کے لئے "نقدۃ" کا لفظ مستعمل ہے۔ اس کی جمع "نقاد" آتی ہے۔ جوہری نے کہا ہے کہ "النقد" بکریوں کی ایک قسم ہے جس کے پاؤں چھوٹے ہوتے ہیں نیز اس بکری کا چہرہ قبیح ہوتا ہے۔ یہ بکری بحرین میں پائی جاتی ہے۔ اس کے واحد کے لئے "نقدۃ" کا لفظ مستعمل ہے۔

امثال

اہل عرب کہتے ہیں "اذل من النقد" (چھوٹی بکریوں سے بھی زیادہ ذلیل) اصمعی نے کہا ہے کہ سب سے بہترین اون "النقد" (چھوٹی بکری) کی اون ہوتی ہے۔